ڈائریکٹرز کی رپورٹ برائے اشتمالی مالیاتی گوشوارے

اوایل پی فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ (اوایل پی) کے ڈائریکٹران بمسرت معہ گروپ کے آڈٹ شدہ اشتمالی مالیاتی گوشوارے برائے اختتام سال 30 جون 2026 پیش کرتے ہیں۔ گروپ درج ذیل پر مشتمل ہے:

- اوایل پی فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ (اوایل پی)۔ ہولڈنگ کمپنی
- اوایل پی مضاربہ (اوایم)۔ ذیلی کمپنی
- اوایل پی سروسز پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ (اوایس پی)۔ ذیلی کمپنی

اختتام سال 30 جون 2026ء کیلئے اوایل پی کی کارکردگی کا احاطہ کرتی ڈائریکٹران کی رپورٹ صفحہ نمبر 21 پر پیش کی گئی ہے۔ جس میں کاروباری جائزہ، اوایل پی کی آپریشنل کارکردگی، مستقبل کے امکانات اور اوایل پی پر دیگر معلومات شامل ہیں۔ مذکورہ بالا رپورٹ کے مندرجات کو اس رپورٹ کے ساتھ پڑھا جائے، جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 227 اور سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے قواعد وضوابط 2019 کی رو سے ڈائریکٹرز کی رپورٹ کا لازمی حصہ ہیں۔

گروپ کے نتائج:

گروپ کے اشتمالی مالیاتی نتائج مختصراً درج ذیل ہیں:

2025	2026	
-------روپے-------		
		جاری آپریشنز
2,325,147,104	2,386,551,099	قبل از محصول (ٹیکس) ولیوی منافع
865,250,123	909,645,324	محصولات ولیویز
1,459,896,981	1,476,905,775	جاری آپریشنز سے منافع
		بند کئے گئے آپریشنز
(17,445,692)	24,223	بند کئے گئے آپریشنز سے منافع/(خسارہ)۔ بعد از ٹیکس
1,442,451,289	1,476,929,998	سال کا منافع
1,303,189,813	1,348,365,975	ہولڈنگ کمپنی کے ایکوئٹی شیئر ہولڈرز کیلئے منافع
139,261,476	128,564,023	نان کنٹرولنگ انٹریسٹ سے منسوب منافع
7.43	7.69	فی شیئر آمدنی۔ بنیادی اور رقیق شدہ
7.53	7.69	جاری آپریشنز سے فی شیئر آمدنی۔ بنیادی اور رقیق

شیئر ہولڈنگ کا طرز:

شیئر ہولڈنگ کا طرز اور متعلقہ معلومات بمطابق 30 جون 2026ء صفحہ نمبر 263 پر پیش کردی گئی ہیں۔

اشتمالی مالیاتی گوشواروں پر مبنی مالیاتی اور عملی کارکردگی:

گروپ کا اشتمالی منافع بعد از محصول (ٹیکس) برائے اختتام سال 30 جون 2026ء 1,348 ملین روپے تھا (2025: میں 1,303 ملین روپے) اور فی حصص آمدنی 7.69 روپے (جون 2025: 7.43 روپے)۔ اوایم سے 161 ملین روپے منافع (2025: میں 174 ملین روپے) اور اوایس پی سے 0.86 ملین روپے منافع ہوا (2025: میں 61 ملین روپے منافع)۔ اوایم میں 80 فیصد ایکوئٹی اقلیتی حصص یافتگان کی ہے۔ اس طرح، اوایم کے منافع میں 129 ملین روپے (2025:139 ملین روپے) اقلیتی حصص یافتگان کا حصہ ہے۔

بورڈ کی جانب سے

شاہین امین
چیف ایگزیکیٹو آفیسر

ریمن الفرے
ڈائریکٹر

17 ستمبر 2026ء